3107 - گندے اور فحش میگزینوں کا حکم

سوال

ایسے مجلات اور میگزین جاری کرنے جن میں فحش اور گندی عورتوں کی تصاویر ہوں، اور اس میں فلمی اداکاروں اور گانے بجانے والوں کی خبریں ہوں کا حکم کیا ہے ؟
اور ایسےمجلات اور میگزین میں کام کرنا، اور اسے تقسیم کرنے میں معاونت کرنا اور اسے خریدنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد لله.

عورتوں کی تصاویر یا پھر زنا و بدکاری اور فحاشی کی دعوت دینے والے اعلانات، یا لواطت اور نشہ آور اشیاء وغیرہ کے اعلانات پر مشتمل میگزین اور مجلات جو باطل کی دعوت دیں جاری کرنا جائز نہیں، اور نہ ہی ان میں کام کرنا، اور نہ ہی اس میں کوئی ارٹیکل لکھنا اور اسے رواج دینا جائز ہے.

کیونکہ اس میں گناہ و برائی اور ظلم و زیادتی میں تعاون اور معاشرے میں شر و فساد اور خرابی کی نشر و اشاعت میں معاونت ہوتی ہے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور تم نیکی و بھلائی اور تقوی کے کاموں میں ایك دوسرے کا تعاون کرو، اور برائی و شر اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو، یقینا اللہ تعالی بڑی سخت سزا دینے والا ہے .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو کوئی ہدایت و بھلائی کی طرف دعوت دیتا ہے تو اسے اس پر عمل کرنے والے کی طرح ہی اجروثواب حاصل ہوتا ہے، اور کسی کے اجروثواب میں کمی نہیں کی جاتی، اور جو کوئی برائی و شر اور گمراہی کی دعوت دیتا ہے تو اسے اس پر عمل کرنے والوں جتنا ہی گناہ ہوتا ہے، اور کسی کے گناہ میں کمی نہیں کی جاتی "

صحیح مسلم حدیث نمبر (4831).

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایك دوسری حدیث میں فرمان ہے:

" دو قسمیں ایسی ہیں جنہیں میں نے ابھی تك نہیں دیکھا: وہ لوگ جن کے پاس گائے کی دموں جیسے کوڑے ہونگے اور وہ لوگوں کو مارتے پھریں گے، اور وہ عورتیں جنہوں نے لباس تو پہنا ہوا ہو گا لیکن وہ ننگی ہونگی، لوگوں کی طرف مائل ہونے والی اور لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی ہونگی، ان کے سر بختی اونٹوں کی طرح ہونگے، وہ جنت میں داخل نہیں ہونگی اورنہ ہی جنت کی خوشبو پائینگی، حالانکہ جنت کی خوشبو تو اتنی اتنی مسافت سے آ جاتی ہے"

صحیح مسلم حدیث نمبر (3971).

اس موضوع اور معنی کے متعلق احادیث و آیات بہت زیادہ ہیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ مسلمانوں کو ایسےکام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے جن میں ان خیر و صلاح ہے.